08اپریل2024ء

مارچ2024ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- مارچ2024ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں 3.0 ارب ڈالر کی رقم آئی۔

- نمو کے لحاظ سے مارچ2024ء کے دوران ترسیلاتِ زر میں ماہ بماہ بنیاد پر 31.3 فیصد اور سال بسال بنیاد پر 16.4 فیصد کا بڑا اضافہ ہوا۔

- مالی سال24ء کے پہلے نو مہینوں کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں 21.0 ارب ڈالر کی رقم آئی، جو مالی سال23ء کے ابتدائی نو مہینوں کے 20.8 ارب ڈالر کی نسبت 0.9 فیصد زیادہ ہے۔

- مارچ2024ء کے دوران ترسیلاتِ زر زیادہ تر سعودی عرب (703.1 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (548.5 ملین ڈالر)، برطانیہ (461.5 ملین ڈالر)، اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ (372.5 ملین ڈالر) سے موصول ہوئیں۔

*****